21358-رکوع سے اٹھنے کے بعد ہاتھ کہاں رکھے جائیں ؟

سوال

رکوع سے اٹھ کر ہاتھ کہاں رکھے جائیں گے ؟ میں نے بعض لوگوں کو سینہ پر ہاتھ رکھے ہوئے اور بعض کو ہاتھ چھوڑے ہوئے دیکھا ہے.

پسندیدہ جواب

رکوع سے اٹھ کر ہاتھ رکھنے کی کیفیت
میں صحیح یہ ہے کہ دایاں ہاتھ بائیں بازو پر رکھا جائے ، اور ہاتھ نہ چھوڑے جائیں.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے
ہیں :

"ظاہر یہ ہوتا ہے کہ سنت یہ ہے
دایاں ہاتھ بائیں بازو پر رکھا جائے ، کیونکہ سھل بن سعد الثابت رضی اللہ تعالی عنہ
کی بخاری شریف میں عمومی حدیث ہے جس میں بیان ہوا ہے کہ :

"لوگوں کو حکم دیا جاتا تھا کہ وہ
نماز میں اپنا دایاں ہاتھ بائیں بازو پر رکھیں"

چنانچہ اگر آپ اس حدیث کے عموم کو
دیکھیں کہ "نماز میں" یہاں یہ بیان ہوا ہے نماز میں اور یہ نہیں کہا گیا کہ"
قیام میں" تو آپ کے لیے یہ واضح ہوگا رکوع کے بعد اٹھ کر بھی ہاتھ باندھنے مشروع
ہیں؛اس لیے کہ نماز میں رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھ گھٹنوں پر اور سجدہ کی حالت
میں زمین پر، اور بیٹھنے کی حالت میں دونوں رانوں پر، اور قیام کی حالت میں یہ
رکوع سے قبل اور رکوع کے بعد دونوں کو شامل ہے انسان اپنا دایاں ہاتھ بائیں بازو
پر رکھے.

صحیح یہی ہے.

دیکھیں : الشرح الممتع (146/3).

واللہ اعلم.